روح اخبار

— امسال حج کے موقع پر ہندوستان، مصر، فلسطین، شام، مراکو اور جاوا کے حاجیوں کی تعداد پینتالیس ۴۵ ہزار تھی، حفظان صحت کے انتظامات نہایت اچھے تھے۔

— رائٹر کا بیان ہے کہ حکومت فلسطین کو پچھلے نو مہینوں میں امن قائم کرنے کیلئے آٹھ لاکھ ۶۸ ہزار تین سو ۲۳ پونڈ صرف کرنا پڑا۔ یہ وہ زمانہ تھا جس میں فلسطین میں ہنگامہ ہو رہا تھا اور عرب وطن پرور آزادی ملک کے لئے جدوجہد کر رہے تھے۔

— اندازہ کیا جاتا ہے کہ برطانیہ کی عظیم الشان سلطنت کی آبادی ۴۷ کروڑ نفوس پر مشتمل ہے جن میں سے سفید فام رعایا کی تعداد ۷ کروڑ ہے۔ باقی چالیس کروڑ حسب تفصیل۔۔۔ ذیل ہے۔ ہندوستانی ۳۵ کروڑ، افریقی ۴½ کروڑ، عرب ۶۰ لاکھ، چینی دس لاکھ اور دیگر اقوام ۸۰ لاکھ۔

— ایک کمیونک سے معلوم ہوا ہے کہ چہارشنبہ ۹ رجون ۳۷ء کو ملک معظم کی سالگرہ کے سلسلہ میں عام چھٹی ہوگی۔

— جرمنی میں شادی کے متعلق جو جدید قوانین وضع کئے گئے ہیں ان کے مطابق ان لوگوں کو جو شادی کے بعد بیوفائی کے مرتکب ہونگے۔ انھیں دس سال قید کی سزا دی جائیگی۔

— کھدائی کے وقت کوئٹہ میں جو لاشیں برآمد ہوئی ہیں ان کی صحیح تعداد نو ہزار ساٹھ ہے۔ یہ تعداد صرف وہ ہے جو ملبہ صاف کرتے وقت ملی ہے۔

— حکومت ترکیہ نے آئندہ جدید عسکری قانون کی رو سے ترک خواتین کی فوجی خدمات کیلئے بھی ایک معین مدت مقرر کر دی ہے، اور اعلان کر دیا گیا ہے اگر ترکی حکومت کو ضرورت محسوس ہوئی تو وہ ۱۶ سال سے ۶۵ سال تک کی ہر خاتون کو فوجی خدمات کیلئے طلب کر سکے گی۔

— اندازہ لگایا گیا ہے کہ روس کی [illegible] دنیا میں سب سے زیادہ ہے۔ فرانس دوسرے درجہ پر ہے۔

— شاہ دکن نے اپنی سلور جوبلی کے موقع پر اپنی حکومت کے مالیانہ سے چالیس لاکھ روپیہ کی معافی کا اعلان کیا ہے۔

— روس کی موجودہ حکومت لامذہب ہے۔ اور اس نے لامذہبی قائم کرنے کیلئے بہت کوششیں کیں تھیں۔ مگر جب سے یہ قانون پاس ہوا ہے کہ کسی دوسرے مذہب کو پروپگنڈہ وغیرہ کرنے کی اجازت ہے اس وقت سے روس میں لامذہبی کم ہوتی جا رہی ہے۔

— ہندوستان کے تمام صوبوں کے انتخابات کے نتائج شائع ہوگئے ہیں کل ممبران ۱۵۸۵ ہیں جنمیں سے ۷۰۶ کانگریسی ہیں۔

— حکومت روس نے سکولوں کے طلبا اور استادوں کیلئے فوجی تعلیم لازمی قرار دی ہے۔ آٹھ سال کے تمام بچے فوجی تعلیم حاصل کرینگے۔

جناب شیخ عطاء الرحمن صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دار الحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا